بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک بعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا أشد الناس بأسا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ جنگجو درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن علی رضی اللہ عنہ قال لقد رأیتنا یوم بدر و نحن نلوذ برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو أقربنا من العدو و کان من اشد الناس یومئذ باسًا۔ (رواہ احمد

مجمع الزوائد ج ۲ ص ۱۲۔ تاریخ ابن کثیر ج ۳ ص ۲۷۹)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے اپنے آپ کو بدر کے دن دیکھا کہ ہم حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پناہ حاصل کر رہے تھے۔ ہم میں سے جو دشمن کے قریب تھا وہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور آپ اس دن سب سے زیادہ جنگجو تھے۔

عن علی رضی اللہ عنہ انہ سئل عن موقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم بدر فقال کان اشدنا یوم بدر من حاذی برکبتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (رواہ الطبرانی فی الاوسط مجمع الزوائد ج ۹ ص ۱۲)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہیں پوچھا گیا کہ بدر کے دن حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا مقام تھا؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہم میں سے سخت جنگجو وہ تھا جس کا گھٹنا حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنے کے برابر تھا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط